نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ملی بگ کے تدارک کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور04اگست 2021: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے بعض علاقوں میں ملی بگ کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔ ملی بگ ایک رس چوسنے والا کیڑا ہے۔ یہ دشمن کیڑا، پھیلاؤ، بھاری حملہ اور شدت کی بدولت تشویشناک حد تک خطرناک ہے جو نہ صرف فصلوں بلکہ کئی طرح کی سبزیوں، پھلوں اور نمائشی پودوں کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ یہ کیڑا سردیوں میں جڑی بوٹیوں جبکہ گرمیوں میں کپاس اور فصل میں موجود جڑی بوٹیوں پر اپنی زندگی کا دورانیہ پورا کرتا ہے۔اس طرح یہ کیڑا سارا سال کھیت میں مختلف پودوں پر سرگرم عمل رہتا ہے۔تاہم گرمیوں میں اس کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوجاتا ہے۔اس کیڑے کے سخت حملہ کی صورت میں تمام فصل سفید اور سیاہ نظر آتی ہے جس میں سفیدی اس کے پاؤڈر کی وجہ سے ہوتی ہے جبکہ سیاہ پن اُس الّی کی وجہ سے ہوتا ہے جو کہ ملی بگ سے خارج ہونے والی مٹھاس پہ آتی ہے۔مادہ ملی بگ اِتنی سخت جان ہوتی ہے کہ یہ بغیر خوراک کھائے 37 تا44دن زندہ رہ سکتی ہے۔کاشتکار ملی بگ کے تدارک کیلئے کپاس کے کھیت میں ملی بگ سے متاثرہ پودوں کی نشاندہی کریں۔اگر ملی بگ کا حملہ ابتدائی صورت میں ٹکڑیوں کی صورت میں ہوتو ایسے پودوں کو احتیاط سے پولی تھین بیگ چڑھا کر جڑ سے اکھاڑ دیں اور اُن کو کسی محفوظ جگہ پر گڑھا کھود کر زمین میں دبا دیں۔متاثرہ پودے اکھاڑنے کے بعد بھی کوئی متاثرہ پودا نظر آئے تو زمین کھود کر دبا دیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ زیادہ حملہ کی صورت میں متاثرہ پودوں پر محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سپرے کرنے والے پودوں کا تعین کر کے ہفتہ میں دو بار سپرے کریں اور اس دوران پانی کی کمی نہ آنے دیں۔کاشتکار زرعی سفارش کردہ زہر کی مقدار کو کم از کم 120 لٹر پانی میں ملا کر متاثرہ پودوں پر اوپر سے نیچے تک سپرے کریں۔سپرے کرتے وقت کچھ باتیں ذہن نشین رکھنی چاہیے مثلاً ایک ہی زہر کو بار بار سپرے نہ کریں۔حملہ کے شروع میں کنٹرول زیادہ موثر ہوتا ہے۔شروع میں حملہ ٹکڑیوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ایسی صورت میں سپرے متاثرہ پودوں کے علاوہ اِس کے ارد گرد کے پودوں پر بھی ضرور کریں۔تمام کھیت میں سپرے کرنے کی ضرورت نہیں۔بوم سے سپرے زیادہ موثر نہیں ہوتا۔ہاتھ یا پاور سے چلنے والے نیپ سیک سپریئرز استعمال کریں۔ملی بگ کے موثر تدارک کیلئے کاشتکار کپاس کے کھیت سے جڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں۔یاد رہے، ملی بگ متاثرہ افراد کے جسموں اور سپرے مشینری سے چپک کر صحتمند پودوں کو منتقل ہونے کا احتمال ہوتا ہے لہذٰا کاشتکار سپرے کے فوراً بعد مشینری اور حفاظتی لباس کو اچھی طرح دھو لیں۔

☆☆☆☆